ضرورت ہو تو میں تمہارے لئے الاؤنس مقرر کر دیتا ہوں۔ تا کہ ہم ایک دوسرے پر بوجھ نہ بنیں اور آزادی سے زندگی گزاریں۔ ایلزبیتھ نے ہنشارڈ کا شکریہ ادا کیا۔ جو خوش تھا کہ ایلزبیتھ سے اچھے طریقے سے جدا ہو جائے گا۔ جبکہ ایلزبیتھ کو عورت سے دوبارہ ملنے کا انتظار تھا۔

مقررہ وقت پر بارش ہو رہی تھی۔ ایلزبیتھ چھتری لے کر قبرستان کی جانب چل پڑی کہ اگر عورت وہاں نہ آ سکی تو وہ خود اس کے گھر جائے گی۔ مگر عورت وہاں موجود تھی۔ ایلزبیتھ کو خیال آیا کہ اتنے پرانے قبرستان اور خراب موسم میں ایک عورت جس سے میری ملاقات صرف قبرستان میں ہی ہوتی ہے، کہیں کوئی شیطانی کام تو نہیں ہونے والا۔ مگر پھر ایلزبیتھ عورت کے قریب گئی۔ عورت نے پوچھا کیا تم تیار ہو اور تمہارے والد نے اجازت دے دی ہے؟ ایلزبیتھ نے ہاں میں جواب دیا۔ کیا تم نے والد کو بتایا کہ تم کہاں رہائش اختیار کرو گی؟ ایلزبیتھ نے کہا نہیں۔ یہ بہتر نہیں تھا۔ میں نے سوچا کہ پہلے وہاں سے رخصت ہونا چاہیئے۔ والد کے مزاج کا کوئی علم نہیں۔ دونوں نے شام کو High-Place Hall ملنے کا پروگرام بنایا۔ ایلزبیتھ نے اپنا سامان تیار کیا اور ہنشارڈ سے جانے کی اجازت طلب کی۔ وہ اس کے اتنی جلدی جانے پر حیران تھا۔ میرا خیال تھا کہ تم اگلے ہفتے یا اگلے سال جاؤ گی۔ اس نے کہا۔ وہ ایلزبیتھ کے کمرے میں جاتا ہے جہاں پر کافی عرصے سے نہیں گیا تھا۔ وہاں پر اسے کتابیں، نقشے اور اپنے آپ کو تبدیل کرنے کی کوششوں کی چیزیں نمایاں نظر آ رہی تھیں۔ ان چیزوں کا ہنشارڈ کو پہلے علم نہ تھا۔ وہ بہت

متاثر ہوا اور پہلی مرتبہ ایلزبیتھ کو اس کے نام سے مخاطب کر کے محبت سے کہا مجھے چھوڑ کر نہ جاؤ۔ اگرچہ میں نے تم سے بہت برا سلوک کیا۔ ایلزبیتھ جس کے ذہن پر وہ عورت سوار تھی، اس نے کہا ابو جان میرا جانا ضروری ہے۔ مگر میں زیادہ دور نہیں جا رہی اور آپ سے زیادہ دیر دور بھی نہیں رہوں گی۔

اور جب بھی آپ بلائیں گے واپس آ جاؤں گی۔ ٹھیک ہے۔ مگر مجھے اپنا ایڈریس تو دے کر جاؤ کہ تم کہاں جا رہی ہو۔ نزدیک ہی جا رہی ہوں۔ ہنشارڈ بولا۔ کیا کہا۔ High-Place Hall جا رہی ہو کہیں؟ ہنشارڈ نے پوچھا۔ ایلزبیتھ نے جواب دیا۔ ہاں۔ میں

مکمل آڈیو اور ٹیکسٹ
ممبرشپ کے بعد
03099888638 واٹس ایپ

وہ دونوں (Lucetta Templeman اور ایلزبیتھ) اپنے گھر کی کھڑکی سے مارکیٹ کو دیکھتی ہیں۔ ایلزبیتھ کی نگاہیں فارفرے کو تلاش کرتی ہیں۔ تو لوسیٹا کی خواہش ہے کے ہنشارڈ نظر آ جائے۔ مگر دونوں کو ایک دوسرے کی پسند کا علم نہیں ہے۔ جلد ہی ایلزبیتھ اسے بتاتی ہے کہ اس کا باپ اس سے ناراضگی کی وجہ سے ملنے نہیں آ رہا۔ لوسیٹا اس بات سے سخت مایوس ہوتی ہے اور بہانے سے ایلزبیتھ کو گھر سے باہر بھیجتی ہے۔ ہنشارڈ کو خط لکھتی ہے کہ ایلزبیتھ وہاں موجود نہیں ہو گی اس لئے وہ اس سے ملنے ضرور آئے۔ وہ اکیلے میں ہنشارڈ کا انتظار کر رہی ہے۔ دروازے میں دستک ہوتی ہے۔ لوسیٹا سمجھتی ہے کہ ہنشارڈ آیا ہے اور ملاقاتی کو اندر آنے کا کہتی ہے۔ مگر اس کی جگہ فارفرے اندر آتا ہے۔ وہ ایلزبیتھ جین سے ملنے آیا تھا۔ اسے بتایا گیا تھا کہ ایلزبیتھ وہاں پر رہائش پذیر ہے اور ہنشارڈ کی اجازت ملنے پر اس سے ملنے والا آیا تھا۔ لوسیٹا اسے کہتی ہے کہ تشریف رکھیں۔ ایلزبیتھ جلد ہی لوٹ آئے گی۔ ایلزبیتھ کے آنے تک دونوں مختلف موضوعات پر گفتگو کرتے ہیں۔

فارفرے اسے کاروبار میں اپنی کامیابیوں کے بارے میں بتاتا ہے۔ باہر سے ایک شخص کی آواز آتی ہے جو اپنی محبت کے بارے میں بتا رہا ہے۔ فارفرے اس کی مدد کرتا ہے۔ اس کے انداز طور طریقے لوسیٹا کے دل میں گھر بنا رہے ہیں اور وہ ایک دوسرے کو پسند کرنا شروع ہو گئے ہیں۔ کچھ دیر انتظار کرنے کے بعد فارفرے دوبارہ آنے کا وعدہ کر کے وہاں سے چلا جاتا ہے۔ جس کے دل میں اب ایلزبیتھ کی جگہ لوسیٹا موجود ہے۔

فار فرے کے جانے کے بعد ہنشارڈ وہاں آتا ہے۔ مگر لوسیٹا اس سے ملنے سے گریزاں ہے۔ وہ ایلزبیتھ جین کو بھی وہاں رکنے کا کہتی ہے تا کہ ہنشارڈ اس کی وجہ سے وہاں کم سے کم آئے۔ بیچاری ایلزبیتھ یہ جانے بغیر کہ اس کی بدقسمتی کے ستارے گردش میں ہیں، اس بات سے خوش تھی کہ وہ لوسیٹا کے ساتھ وقت گزارے گی۔ اب وہ دونوں اپنی کھڑکی سے نظر آنے والی مارکیٹ میں فار فرے کو تلاش کرتی ہیں۔

ایک روز لوسیٹا کے نئے لباس تیار ہو کر آئے۔ سورج عام دنوں سے زیادہ روشن تھا اور خبر آئی کہ ایک نئی زرعی مشین کاسٹر برج میں آئی ہے۔ دونوں عورتوں کا خیال فوری طور پر فار فرے کی طرف گیا کہ یہ اسی کا کام ہو سکتا ہے۔ دونوں ہی اس مشین کو دیکھنے گئیں اور حیرت سے اس کا مشاہدہ کیا۔ وہاں ہنشارڈ سے اس کی ملاقات ہوئی۔ جس نے اس مشین کا مذاق اڑایا کہ یہ کیسے کام کر سکتی ہے۔ وہاں سے جاتے ہوئے اس نے ہلکی آواز میں لوسیٹا سے کہا تم نے مجھ سے ملنے سے انکار کر دیا۔ ایلزبیتھ جین نے بھی یہ الفاظ سنے مگر دونوں کی توجہ ہنشارڈ کے جانے کے بعد فار فرے کی طرف ہو گئی۔ جو مشین کے اندر کام کر رہا تھا اور ہلکی آواز میں گانا بھی گا رہا تھا۔ لوسیٹا نے فار فرے سے مذاق کیا اور کہا یہ بے وقوفانہ چیز ہے اور کام نہیں کرے گی۔ فار فرے نے جواب دیا نہیں۔ یہ تو زراعت کے کام میں انقلاب برپا کر دے گی۔ میں نے یہ ایجاد تو نہیں کی مگر اس کو منگوانے میں میرا ہاتھ ضرور ہے۔ ایلزبیتھ کو یہ احساس ہو رہا تھا کہ لوسیٹا اس وقت فار فرے میں دلچسپی لے رہی ہے۔ مگر وہ فار فرے کے لئے اپنی محبت کو پوشیدہ رکھے ہوئے تھی۔

ایک روز لوسیٹا نے محبت سے ایلزبیتھ کا ہاتھ تھاما اور اسے کہا کہ ایک عورت ایک مرتبہ ایک آدمی کو پسند کرنے لگی۔ جس نے اسے شادی کی دعوت دی۔ عورت نے ہاں کہہ دی۔ درمیان میں کسی مجبوری کی وجہ سے وہ آدمی اس عورت سے شادی نہ کر سکا۔ اور عورت نے کسی دوسرے مرد سے شادی کرنے کا خیال نہ کیا۔ بہت عرصہ گزر گیا۔ عورت نے اس آدمی کی جدائی میں بہت دکھ برداشت کئے مگر ان میں اس آدمی کی کوئی غلطی نہ تھی۔ بالآخر وہ مجبوری جس کی وجہ سے آدمی عورت سے دور ہوا تھا ختم ہو گئی اور اس آدمی نے دوبارہ شادی کی خواہش ظاہر کی۔ مگر اس وقت تک میری وہ دوست کسی اور آدمی کو پسند کرنے لگی تھی۔ جو کہ پہلے سے کہیں بہتر تھا۔ اب مجھے یہ بتاؤ کہ کیا اسے پہلے آدمی سے شادی سے انکار کر دینا چاہیئے؟

ایلزبیتھ نے کہا نئے آدمی کو پسند کرنا تو اچھی بات نہیں ہے۔ لوسیٹا پریشان نظر آ رہی تھی۔ اس نے کہا مگر الزبیتھ سوچو کہ دوسرے آدمی کی خوبیاں پہلے سے بہت زیادہ ہیں۔ ایلزبیتھ نے جواب دیا میں اس بارے میں کوئی فیصلہ نہیں کر سکتی کیونکہ یہ بہت مشکل مسئلہ ہے۔

لوسیٹا کہتی ہے کیا تم کچھ کہنا نہیں چاہتی؟ کیا ایسا ہے؟

ایلزبیتھ نے اقرار کیا ہاں ایسی ہی بات ہے۔

لوسیٹا سکون محسوس کر رہی تھی کہ اس نے اپنے دل کی بات کسی کو بتادی ہے۔ اس نے کہا ایلزبیتھ مجھے آئینہ دکھاؤ میں کیسی لگ رہی ہوں۔ ایلزبیتھ نے اسے آئینہ دکھایا۔ ان کی گفتگو سے اندازہ ہو رہا تھا کہ لوسیٹا، ایلزبیتھ سے زیادہ عمر کی ہونے کی وجہ سے

مکمل آڈیو اور ٹیکسٹ
ممبرشپ کے بعد
03099888638 واٹس ایپ

لوسیٹا، فارفرے کو نظر انداز کر رہی تھی۔ جس نے اسے یاد کرایا کہ خود اسی نے شادی کی خواہش ظاہر کی تھی۔ تو اب اپنا وعدہ پورا کرنا چاہیئے۔ ایلزبیتھ کو اب تک یہ معلوم نہیں ہو سکا تھا کہ پہلا آدمی ہنشارڈ ہے۔ جس کو احساس ہو چکا تھا کہ لوسیٹا کا شادی سے انکار کی وجہ اس کے فارفرے سے تعلقات ہیں۔

دوسری طرف ایلزبیتھ یہ سوچ کر بہت تکلیف میں تھی کہ جس آدمی سے اس نے محبت کی اس نے اسے نظر انداز کیا۔ چاہے وہ اس کی محبت فارفرے ہو یا اس کا باپ ہنشارڈ۔ البتہ وہ آہستہ آہستہ سیکھ رہی تھی کہ بغیر محبت ملے بھی زندہ رہا جا سکتا ہے اور تقدیر کے اگلے فیصلے کا انتظار کر رہی تھی۔

موسم بہار کی خوبصورت صبح میں سیر کے دوران ہنشارڈ اور فارفرے کی ملاقات ہوئی۔ مگر دونوں ایک دوسرے سے نظریں بچاتے گزر گئے۔ ہنشارڈ نے کچھ دور جا کر فارفرے کو آواز دی۔ کیا تمہیں میری وہ کہانی یاد ہے جس میں دوسری عورت کی شادی کی خواہش کے بارے میں بتایا تھا؟ جواب آیا، ہاں یاد ہے۔ ہنشارڈ نے کہا کہ اب میں نے اسے شادی کی دعوت دی مگر اس نے شادی سے انکار کر دیا ہے۔ تو اب تم اس عورت کے بارے میں کیا کہو گے؟ فارفرے نے جواب دیا کہ اگر اس نے انکار کر دیا تو تمہارا اس پر کوئی حق نہیں۔

ایک روز ہنشارڈ، لیوسیٹا کے گھر گیا۔ فارفرے بھی اسی دوران وہاں آ گیا۔ اس وقت چاروں افراد ہنشارڈ، لیوسیٹا، فارفرے اور ایلزبیتھ وہاں موجود تھے۔ دونوں محسوس نہ کر سکے کہ وہ ایک دوسرے کے رقیب ہیں۔ جبکہ ایلزبیتھ ان لوگوں کے رویئے کی وجہ سے سخت پریشان نظر آ رہی تھی۔ ہنشارڈ اب Joshua Jopp کو نوکری دیتا ہے۔ یہ وہی شخص ہے جس کی جگہ پر فارفرے کو مینیجر رکھا گیا تھا۔ ہنشارڈ کا خیال ہے کہ اس کے ساتھ مل کر فارفرے کے کاروبار کو نقصان پہنچایا جائے۔ ایلزبیتھ،

ہنشارڈ کو کہتی ہے کہ اس شخص کو نوکری دینا غلط ہے۔ مگر ہنشارڈ اس کی بات سننے کے لئے تیار نہیں۔ کیوں کہ اس کا خیال ہے کہ اس کی طرح Joshua Jopp بھی فار فرے کا مخالف ہے۔ کیوں کہ اس کی جگہ فار فرے نے لی تھی اور Joshua Jopp بھی اس بات کے لئے تیار ہے۔

ہنشارڈ نے خاموشی سے فیصلہ کیا کہ ایک عامل بابا جو کہ سنسان جگہ پر بسیرا کئے ہوئے تھا اور موسم کے بارے میں بہت درست پیشگوئیاں کرتا تھا، اس سے ملاقات کی جائے۔ بہت خراب موسم میں ہنشارڈ اس کی خراب حال جھونپڑی تک پہنچ گیا۔ جہاں وہ اکیلا رہائش پذیر تھا۔ ہنشارڈ نے اس سے کہا میں نے آپ کے بارے میں بہت کچھ سنا ہے کہ آپ کچھ خاص کام کر سکتے ہیں۔ اس نے جواب دیا، شاید، مسٹر ہنشارڈ۔ آپ میرا نام کیسے جانتے ہیں، ہنشارڈ نے پوچھا۔ وہ بولا مجھے علم تھا کہ تم آؤ گے تو میں تمہارا انتظار کر رہا تھا۔ اور اسی لئے تمہارے لئے کھانے کا بھی انتظام کیا ہے۔ اندر واقعی دو کرسیاں اور کھانے کی دو پلیٹیں تیار تھیں۔

کیا تم سب کچھ کر سکتے ہو؟ کیا موسم کی پیشگوئیاں بھی کر سکتے ہو؟

ہاں مگر اس بات کے لئے بہت زیادہ وقت اور محنت درکار ہے۔

ہنشارڈ نے اسے رقم دی اور پوچھا کہ کتنا وقت لگے گا؟

اس نے جواب دیا کہ میں پہلے ہی اس پر کام کر چکا ہوں۔ اگست کے آخری دنوں میں بارشیں ہوں گی، طوفان آرہے ہوں گے۔ ہنشارڈ نے کہا میں ان باتوں پر یقین نہیں کرتا۔ عامل بابا نے کہا، مجھے علم ہے۔ اب آؤ اور کھانا کھاؤ۔ وہاں سے واپسی پر ہنشارڈ نے بہت زیادہ گندم خریدنے کا ارادہ کیا اور ایسا ہی کیا۔ مگر کچھ عرصے موسم خوشگوار رہا اور ہنشارڈ کو بہت نقصان اٹھانا پڑا۔ فار فرے سے اس کی ملاقات ہوئی مگر اپنے نقصان کو چھپاتے ہوئے اسے کہا کہ کاروبار میں اونچ نیچ تو آتی ہی رہتی ہے۔ مگر آہستہ آہستہ سب لوگوں کو یہ بات معلوم ہو رہی تھی کہ ہنشارڈ کی جائیداد پر اب بینک کا قبضہ ہو چکا ہے جو کہ گروی رکھی گئی تھی۔

اسے Joshua Jopp نظر آیا۔ جس نے کہا کہ کتنا خوبصورت دن ہے۔ یہ الفاظ ہنشارڈ کو غصہ دلانے کے لئے کافی تھے۔ اس نے کہا کہ تم نے درست مشورہ نہ دیا اس لئے مجھے یہ دن دیکھنا نصیب ہوا۔ Jopp نے جواب دیا میرا مشورہ کیسا۔ آپ نے وہی کچھ کیا جو بہتر خیال کیا۔ ہنشارڈ نے کہا تم نوکری سے فارغ ہو۔ جاؤ۔ پریشانی اور غصے کی حالت میں Jopp نے کہا جناب آپ کو اس بات کا افسوس کرنا پڑے گا۔ ہنشارڈ مارکیٹ کے ہجوم میں گم ہو گیا۔ وہ محسوس کر چکا تھا کہ کوئی طاقت، اس کی قسمت اسے تباہ کر رہی ہے۔ کیونکہ جب فار فرے نے کم قیمت ہونے کی وجہ سے بہت زیادہ اناج خریدا تو اس وقت عامل بابا کی کہی گئی بات سچ ثابت ہوئی اور بارش اور طوفان نے اس کے اناج کی قیمتوں کو آسمان پر چڑھا دیا۔ اور دیکھتے ہی دیکھتے وہ بہت امیر ہو چکا تھا۔ کاسٹر برج کے لوگ جان چکے تھے کہ وہی اگلا میئر ہو گا۔ جبکہ یہی حالات اسکے اور ہنشارڈ کے درمیان کشیدگی کا باعث بن رہے تھے۔

ایک روز دو چھکڑوں کی ٹکر ہو گئی۔ جن کو ہنشارڈ اور فار فرے کے ملازمین چلا رہے تھے۔ پھر ان میں لڑائی شروع ہوئی۔ لیوسیٹا بھی وہاں پہنچ گئی۔ جس نے کہا کہ غلطی ہنشارڈ کے ملازم کی ہے جو کہ غلط راستے پر جا رہا تھا۔ مگر ملازم کا جواب یہ تھا کہ تمہارے فار فرے سے تعلقات ہیں جس کی وجہ سے تم اس کی طرف داری کر رہی ہو۔ ہنشارڈ کو لیوسیٹا اور فار فرے کا چھپ کر ملاقات کرنے کا علم ہو جاتا ہے اور وہ لیوسیٹا کے گھر جا کر اسے شادی کے وعدے یاد دلاتا ہے۔ اور کہتا ہے کہ لیوسیٹا کو فار فرے کے بجائے اسی سے شادی کرنی چاہیئے۔ لیوسیٹا، فار فرے کی طرف داری کر رہی ہے۔ چنانچہ غصے میں ہنشارڈ کہتا ہے کہ وہ سب لوگوں کو اس کے ماضی کے تعلقات کے بارے میں بتا دے گا۔ اس دھمکی کے بعد لیوسیٹا کی ہمت جواب دے چکی ہے اور وہ شادی کے لئے اگرچہ دل سے رضا مند نہیں مگر ہاں کہہ دیتی ہے۔ ہنشارڈ، ایلزبیتھ جین کو بلاتا ہے۔ جس کے سامنے بھی لیوسیٹا شادی کے لئے ہاں کہہ دیتی ہے۔

ایلزبیتھ ایک طرف تو حیران ہے کہ ان کے اتنے گہرے تعلقات کس طرح ہیں۔ دوسری طرف پریشان ہے کیونکہ پریشانی اور انکار کے باوجود بھی وہ ہاں کہہ رہی تھی۔

مائیکل ہنشارڈ کی بطور میئر یہ ذمہ داری بھی تھی کہ وہ بطور مجسٹریٹ کام کرے۔ ایک عورت کا مقدمہ سننے کے دوران جس پر چرچ کے نزدیک غلط حرکات کرنے کا الزام تھا، سب لوگ اس وقت پریشان ہو گئے جب اس عورت نے کہا کہ ہنشارڈ نے تو خود اپنی بیوی کو فروخت کر دیا تھا۔ تو وہ جج کے فرائض کیسے سرانجام دے سکتا ہے؟ دراصل یہ وہی عورت تھی جس کے خیمے میں ہنشارڈ نے سوزن کو بیچا تھا۔ ہنشارڈ اس بات کو تسلیم کر لیتا ہے۔ تمام قصبہ اس موضوع پر باتیں کر رہا ہے۔ لیوسیٹا کو بھی یہ خبر پہنچتی ہے تو وہ ذہنی کوفت سے بچنے کے لئے Port-Bredy چلی جاتی ہے تاکہ چند دن آرام کر سکے۔ اس کی واپسی پر جب ہنشارڈ اس سے ملنے آتا ہے، ایلزبیتھ بتاتی ہے کہ وہ چہل قدمی کے لئے گئی ہوئی ہے۔ چہل قدمی کے دوران لیوسیٹا کو ایلزبیتھ جین نظر آتی ہے۔ اگرچہ وہ اس وقت اس سے ملنا نہیں چاہتی مگر اسی دوران ایک سانڈ نے ان پر حملہ کیا۔ دونوں خوفزدہ عورتیں گھبرا کر بھاگ رہی تھیں اور خطرناک سانڈ ان کے پیچھے تھا۔ ہنشارڈ وہاں آیا۔ سانڈ کو مار کر وہاں سے بھگا دیا۔ عورتوں کو اس سے بچایا۔ فار فرے کو اس بارے میں علم ہوا تو وہ بے حد فکر مند ہوا۔ کچھ دیر بعد ہنشارڈ اور لیوسیٹا اکیلے باتیں کر رہے تھے۔ لیوسیٹا اس کی شکر گزار تھی اور اس سے پوچھا کہ اگر وہ اس کے کسی کام آسکتی ہے تو بتائے۔ ہنشارڈ نے کہا کہ اگر تم رقم کے لئے میری ضمانت دے دو کہ پیسوں کے لئے ابھی زیادہ تقاضہ نہ کیا جائے اور کچھ مہلت مزید دے دی جائے۔ لیوسیٹا نے ہچکچاہٹ کا اظہار کیا اور بتایا کہ وہ اس لئے اس علاقے سے گئی تھی کیونکہ اس نے فار فرے سے شادی کر لی ہے۔ اس نے مزید بتایا کہ ہنشارڈ کے ماضی کا علم ہونے کے بعد وہ کس طرح اس سے شادی کر سکتی تھی۔

ہنشارڈ نے نہ لیوسیٹا کے آنسوؤں کا خیال کیا، نہ فار فرے کے لئے اس کی محبت کا اور نہ ہی رقم ادھار لینے کے لئے تیار ہوا بلکہ غصے میں لیوسیٹا کو وہاں سے جانے کا کہا۔ اس نے مزید کہا کہ وہ پرانے تعلقات کے بارے میں سب کو بتا دے گا۔ وہ غصے میں

مکمل آڈیو اور ٹیکسٹ

ممبر شپ کے بعد

03099888638 واٹس ایپ

ہے۔ اور اس کے کہنے کے باوجود کہ وہ تینوں ایک ساتھ رہیں گے سوزن ہنشارڈ کی بیٹی یہ فیصلہ کر چکی تھی کہ اب وہ مزید وہاں نہیں رکے گی۔ اس نے رہنے کے لئے دوسرے گھر کا بندوبست کیا اور جلدی میں اپنا سامان سمیٹ کر سادہ کپڑوں میں وہاں جانے کے لئے تیار تھی۔ ابو سے بہت احتیاط سے پیسے خرچ کرنے تھے۔ اس نے لیوسیٹا کیلیئے رقعہ لکھا جو کہ فارفرے کے ساتھ ڈرائنگ روم میں موجود تھی اور وہاں سے روانہ ہو گئی۔ اس کی نئی رہائش ہنشارڈ کے گھر کے بالکل سامنے تھی۔ وہ سوچ رہی تھی کہ اسے جو تھوڑی سی رقم اپنے سوتیلے باپ سے ملے گی اس میں کتنی مشکل سے گزارہ ہو گا۔

دوسری طرف قصبے میں سب لوگ لیوسیٹا اور فارفرے کی شادی کے بارے میں گفتگو کر رہے تھے۔ کہ کیا اب فارفرے اپنی امیر بیوی کی رقم پر ہی گزارا کرے گا یا پھر اپنا کاروبار جاری رکھے گا۔ یہ گفتگو سب کے لئے دلچسپی کا باعث تھی۔

ہنشارڈ کے ستارے گردش میں تھے اور اس کی جائیداد پر ان لوگوں کا قبضہ ہو چکا تھا جن سے اس نے کاروبار کے لئے رقم ادھار لی تھی۔ اور ماضی میں بیوی بیچنے کے بارے میں بھی سب کو معلوم ہو چکا تھا۔ King's Arms کے قریب سے گزرتے ہوئے ایلزبیتھ کو معلوم ہوا کہ ہنشارڈ کی جائیداد پر قبضے کے لئے میٹنگ جاری ہے۔ اس نے اندر جا کر ہنشارڈ سے ملنے کی کوشش کی مگر اسے منع کر دیا گیا۔ جب لوگ جانے لگے تو ہنشارڈ نے انہیں روکا اور کہا کہ جو چیزیں کاغذات میں تھیں وہ تو میں نے تمہیں دی ہیں مگر یہ چیزیں رہ گئی ہیں۔ یہ کہہ کر اس نے اپنی سونے کی گھڑی اور جیب میں رکھی ہوئی رقم بھی میز ڈال دی۔ مگر جلدی سے لیوسیٹا کا بہت پہلے دیا گیا تحفہ واپس اٹھالیا اور کہا کہ اب میں وہ تمام چیزیں دے چکا ہوں جو کہ میری ملکیت میں تھیں۔ سب لوگوں نے حیرانی سے ان چیزوں پر نظر ڈالی۔ ایک آدمی بولا۔ نہیں ہنشارڈ، ہم یہ چیزیں نہیں لے سکتے۔ دوسروں نے اس کی تائید کی۔ سینئر کمشنر نے کہا میں نے تمام زندگی میں ایسا قرض دار نہیں دیکھا جس نے اتنی ایمانداری سے اپنا قرض اتارنے کی کوشش کی ہو۔ ہنشارڈ نے گھڑی کو فروخت کیا اور اس کی رقم ایک آدمی کو دے دی جس سے تھوڑی رقم ادھار لی تھی۔ پھر میٹنگ برخاست ہوئی۔

ایلزبیتھ جین، ہنشارڈ سے ملنا چاہتی تھی اور برے وقت میں اس کی مدد کرنا چاہتی تھی۔ وہ اس کے برے سلوک کو معاف کر دینا چاہتی تھی۔ مگر ہنشارڈ سے اس کی ملاقات نہیں ہو رہی تھی۔ اس کے لکھے گئے خط کا جواب بھی نہ آیا۔ وہ اس کے گھر گئی جہاں اب پرانا میئر ہنشارڈ رہائش پذیر نہیں تھا۔ بلکہ وہ Priory Mill کے قریب Jopp کے ساتھ چھوٹے سے کمرے میں رہائش پذیر تھا۔ جو پرانے پتھروں سے بنایا گیا تھا اور بے آباد جگہ پر درختوں سے گھرا ہوا تھا۔ ایلزبیتھ جین کو کہا گیا کہ ہنشارڈ کا حکم ہے کہ وہ کسی سے نہیں ملے گا۔

Jopp جس سے ہنشارڈ نے برے طریقے سے بات کی تھی، نوکری سے نکالا تھا اب ہنشارڈ اس کے ساتھ ہی رہائش پذیر تھا۔ ہنشارڈ کے پرانے ملازم فارفرے سے بہت خوش تھے۔ کام دوبارہ شروع ہو چکا تھا اور اس میں جدت بھی آچکی تھی۔

کاسٹر برج کے قریب دو پل تھے ایک کی تعمیر کچی اینٹوں سے کی گئی تھی جبکہ دوسرا پتھر کا بنا ہوا تھا۔ ٹوٹے ہوئے دلوں کے اور شکست خوردہ لوگ اینٹوں کے پل کی جانب جاتے جو ان کے حالات کی عکاسی کرتا ہے۔ جبکہ کامیاب لوگ پتھر کے پل پر جانے کو ترجیح دیتے۔ ہنشارڈ اپنی خراب حالت میں اینٹوں کے پل پر موجود تھا۔ Jopp نے اسے بتایا کہ اس کا گھر اور سامان کا مالک اب فارفرے ہے۔ اور وہ اور لیوسیٹا اس کے گھر میں رہ رہے ہیں۔ فارفرے اس سے ملا اور اسے مکان اور سامان دینے کی خواہش ظاہر کی۔ جو ہنشارڈ نے شکریہ کے ساتھ رد کر دی۔

ذہنی دباؤ سے وہ بیمار ہو گیا۔ اس کے منع کرنے کے باوجود ایلزبیتھ جین اس کی بیماری میں اس کی تیمارداری کرتی رہی۔ جس سے وہ جلد اچھا ہو گیا۔ اس نے فارفرے کے پاس نوکری کر لی اور اب اپنی زندگی سے مطمئن تھا۔ مگر جب خبر آئی کہ اگلا میئر فارفرے ہو گا تو اس کے دل پر چوٹ لگی۔ لیوسیٹا کی بے وفائی کا صدمہ بھی اس میں شامل تھا۔

آخر 21 سال گزر گئے اور ایلزبیتھ جین کو خبر ملی کہ ہنشارڈ نے دوبارہ شراب نوشی شروع کر دی ہے۔ شراب کے نشے میں وہ اصرار کرتا ہے موسیقی کے ساتھ ایسی چیز گائی جائے جس سے معلوم ہو کہ فارفرے غلط انسان ہے۔ سب لوگ پریشان تھے۔ ایلزبیتھ، ہنشارڈ کو اپنے ساتھ لے گئی اور سوچا کہ فارفرے کو اس کے غصے سے بچانے کی کوشش کرنی ہے۔

اتفاق سے لیوسیٹا کی ایک دن ملاقات ہنشارڈ سے ہوتی ہے۔ اور وہ طنزیہ جملے ادا کرتا ہے۔ دوسرے دن وہ خط میں درخواست کرتی ہے کہ اس کے ساتھ ایسا رویہ دوبارہ نہ رکھا جائے۔ ہنشارڈ اپنی غلطی محسوس کرتا ہے اور لیوسیٹا کی بہتری کے لئے اس کا تحریر کیا ہوا خط ضائع کر دیتا ہے۔

ایلزبیتھ دیکھتی ہے کہ اس کا باپ فارفرے کو نقصان پہنچا سکتا ہے تو سوچتی ہے کہ فارفرے کو کہا جائے کہ وہ احتیاط کرے۔ باپ

مکمل آڈیو اور ٹیکسٹ
ممبرشپ کے بعد
03099888638 واٹس ایپ

لیوسیٹا، ہنشارڈ سے کہتی ہے کہ اس کے محبت نامے واپس کر دے۔ مگر اس کو یاد نہیں کہ وہ کہاں رکھے ہیں۔ اسے بعد میں یاد آتا ہے کہ وہ تو پرانے گھر میں ہی ہیں۔ ہنشارڈ وہاں جاتا ہے اور تجوری سے محبت نامے نکالتا ہے اور یہ بتائے بغیر کہ یہ کس نے لکھے ہیں انہیں بلند آواز سے پڑھتا ہے۔ لیوسیٹا یہ سب کچھ دیکھ اور سن رہی ہے۔ اگرچہ فارفرے کو ابھی بھی اصل معاملے کا علم نہیں اور وہ لیوسیٹا سے ہنس کر باتیں کر رہا ہے۔ مگر لیوسیٹا کو معاملے کی سنجیدگی کا علم ہے۔ وہ ہنشارڈ سے ملتی ہے جو اپنی حرکت پر معافی مانگتا ہے۔ کہتا ہے کہ آئندہ ایسی حرکت نہیں ہو گی اور خط بھی واپس کر دیئے جائیں گے۔

Jopp، لیوسیٹا کو بہت پہلے سے جانتا ہے۔ اس نے کہا کہ لیوسیٹا، فارفرے سے نوکری کی سفارش کرے۔ انکار پر مایوسی کی حالت میں واپس آیا ہی تھا کہ ہنشارڈ نے اس سے کہا کے خطوط کا یہ پیکٹ لیوسیٹا کو دے آؤ کیونکہ میں وہاں جانے سے گریز کر رہا ہوں۔ جوپ خطوط کا پیکٹ لیکر جاتا ہے۔ چند دوستوں کی دعوت پر وہ پہلے Mixen Lane چلا جاتا ہے جہاں غریب لوگ رہتے ہیں۔ ایک معمولی سرائے میں جہاں وہ عورت بھی ہے جس کے خیمے میں کئی سال پہلے ہنشارڈ نے اپنی بیوی کو فروخت کیا تھا، سب لوگ وہ خطوط پڑھ لیتے ہیں۔ ایک اجنبی سرائے میں موجود ہے جس کی خواہش ہے کہ اسے skimmity-ride دکھایا جائے۔ اور اس کے لئے رقم دیتا ہے۔

دوسرے دن خطوط کا یہ پیکٹ لیوسیٹا کو ملتا ہے جو انہیں تلف کر دیتی ہے۔

شاہی خاندان کا ایک فرد کاسٹر برج میں آ رہا ہے۔ جس کے استقبال کے لئے تیاریاں کی جا رہی ہیں۔ ہنشارڈ پرانے کپڑوں میں اس کے قریب ہونے کی کوشش کرتا ہے مگر فارفرے اس کو پیچھے ہٹا دیتا ہے۔ شاہی خاندان کا فرد ان تمام باتوں کو نظر انداز کرتے ہوئے آگے نکل جاتا ہے۔

کی تیاریاں ہو رہی ہیں۔ ہنشارڈ کو شرمندگی ہے کہ فارفرے نے شاہی خاندان کے فرد کے skimmity-ride دوسری طرف سامنے اس کی تذلیل کی۔ وہ فارفرے کو ملاقات کے لئیے بلاتا ہے اور اس سے لڑتا ہے۔ طاقتور ہونے کی وجہ سے جان سے مارنے والا ہی ہے مگر پھر یاد کرتا ہے کہ کبھی وہ اس سے محبت کرتا تھا، تو اسے چھوڑ دیتا ہے۔ فارفرے وہاں سے چلا جاتا ہے۔

مکمل آڈیو اور ٹیکسٹ
ممبرشپ کے بعد
03099888638 واٹس ایپ

ایلزبیتھ جین ڈاکٹر کو بلاتی ہے۔ یہ معلوم نہیں کیا جا سکا کہ یہ حرکت کن لوگوں نے کی تھی۔

ہنشارڈ، ایلزبیتھ کی تلاش میں فارفرے کے گھر آیا جہاں اسے تمام باتوں کا علم ہوا۔ اسے کہا گیا کہ فارفرے کی اس وقت موجودگی بہت ضروری ہے۔ ہنشارڈ کو معلوم تھا کہ فارفرے کس راستے سے جا رہا ہے۔ وہ پیدل بہت دیر تک بھاگتا رہا اور فارفرے کو راستے میں روک لیا۔ اسے بتایا کہ گھر میں اس کی بیوی بہت سخت خطرے کی حالت میں ہے۔ مگر فارفرے نے کہا کہ جب میں وہاں سے آیا تھا تو وہ ٹھیک تھی۔ اس نے سوچا کہ یہ بھی ہنشارڈ کی کوئی چال ہے اور واپسی نہیں کی۔ ہنشارڈ واپس آ گیا جہاں لیوسیٹا مرنے کے قریب تھی۔

گھر واپس پہنچنے پر جوپ نے اسے بتایا کہ ایک آدمی جو اپنے آپ کو سیلر کہہ رہا تھا اس سے ملنے آیا تھا۔

فارفرے واپس آیا تو اسے معلوم ہوا کہ ہنشارڈ درست کہہ رہا تھا۔ لیوسیٹا نے اسے اپنے اور ہنشارڈ کے بارے میں بتایا۔ ہنشارڈ تمام رات لیوسیٹا کے گھر کے قریب رہا اور صبح کے قریب اسے بتایا گیا کہ لیوسیٹا مر گئی ہے۔ وہ اداس گھر لوٹا۔ ایلزبیتھ بھی وہاں آئی اور سو گئی۔

ایک آدمی دوبارہ وہاں آیا اور ہنشارڈ کو بتایا کہ وہ سیلر نیوسن ہے۔ مگر ہنشارڈ نے جواب دیا کہ اس کی بیوی اور بیٹی دونوں مر چکے ہیں۔ کیوں کہ اب وہ اپنی بیٹی کو اپنے آپ سے جدا نہیں کرنا چاہتا تھا۔ اگرچہ اسے جھوٹ بولنے کی شرمندگی تھی مگر ہر وہ شخص جس سے اس نے محبت کی اس سے جدا ہو چکا تھا۔ وہ پریشانی میں اس جگہ پہنچ گیا جہاں دریا بہت گہرا تھا اور بہت آواز کے ساتھ

مکمل آڈیو اور ٹیکسٹ
ممبر شپ کے بعد
0309888638 واٹس ایپ

مگر یہ خوشی اس وقت ختم ہونے لگی جب فارفرے نے ایک سال گزر جانے کے بعد دوبارہ ایلزبیتھ میں دلچسپی لینا شروع کی۔ اسے تحفے دیئے۔ ہنشارڈ پریشان تھا کہ فارفرے کی محبت ایلزبیتھ کو اس سے دور کر دے گی۔ ہنشارڈ نے دوبارہ سیلر نیوسن کو اس علاقے میں دیکھا اور سمجھ گیا کہ ایلزبیتھ کو جلد سب چیزوں کا علم ہو جائے گا۔ اس نے ایلزبیتھ جین کو بتایا کہ وہ کاسٹر برج سے جا رہا ہے اور اسے اداس چھوڑ کر اپنے سامان کے ساتھ وہاں سے جانے کا ارادہ کر لیا۔

ہنشارڈ نے Weydon-Priors جانے کا فیصلہ کیا۔ جس طرح بہت پہلے وہ خالی ہاتھ ،بغیر ملازمت کے کاسٹر برج میں آیا تھا آج اسی طرح وہاں سے جا رہا تھا۔ شدید دکھ اور غم کے ساتھ۔ نیوسن کے وہاں آنے کے بعد علاقہ چھوڑنے کے علاوہ اس کے پاس کوئی دوسرا راستہ نہیں تھا۔ اگرچہ ایلزبیتھ اسے چھوڑنے کے لئے کچھ دور تک اس کے ساتھ آئی مگر اسے علم نہیں تھا کہ ہنشارڈ اس علاقے کو کیوں چھوڑ کر جا رہا ہے۔ کچھ دور جانے کے بعد اس نے آخری مرتبہ مڑ کر اپنے قصبے کو دیکھتے ہوئے کہا کاش ایلزبیتھ بھی میرے ساتھ جا رہی ہوتی تو میں سارے جہان کی تکلیفیں برداشت کر لیتا۔ مگر میں اتنا خوش قسمت کہاں۔ قابیل کی طرح اکیلے دھتکارے ہوئے انسان کی طرح بھٹکتے پھرنا میرا مقدر ہے۔ ترجمہ سید عرفان علی۔ مگر مجھے اتنی ہی تکلیف دی گئی ہے جتنی میں برداشت کر سکوں۔ پانچ دن کے سفر کے دوران اسے سوزن اور بچی کی یادیں آتی رہیں۔

جلد ہی ایلزبیتھ کی ملاقات اپنے اصلی باپ نیوسن سے ہو گئی جو اس سے مل کر بے حد خوش تھی۔ مگر جب اسے علم ہوا کہ ہنشارڈ نے اس کے بارے میں جھوٹ بولا تھا تو اسے ہنشارڈ پر سخت غصہ آیا کہ ہنشارڈ نے اس کے اصلی باپ کو اس سے دور رکھنے کی

مکمل آڈیو اور ٹیکسٹ
ممبرشپ کے بعد
03099888638 واٹس ایپ

خوش ہو گی وہ کاسٹر برج روانہ ہو گیا۔ تحفے کے طور پر پنجرے میں بند پرندہ goldfinch (ایک یورپی خوش شکل اور خوش آواز چڑیا، جس کے پروں پر سنہری نشان ہوتے ہیں) خریدا۔ گھر پہنچنے پر دیکھا کہ شادی کی خوشیاں منائی جا رہی ہیں اور ایلزبیتھ اپنے باپ نیوسن کے ساتھ رقص کر رہی ہے۔ وہ ایلزبیتھ سے ملا۔ جس نے غصے میں کہا کہ وہ مسٹر ہنشارڈ سے محبت نہیں کر سکتی کیونکہ اس نے جھوٹ بول کر کہا تھا کہ نیوسن اس کا اصل باپ نہیں ہے۔ اور یہ بھی کہ وہ مر چکی ہے۔ اس سے محبت کرنے والے باپ کو اس سے دور رکھا۔ اس سے اور اس کے اصل باپ دونوں سے جھوٹ بولا۔

ہنشارڈ اپنی صفائی دینا چاہتا تھا مگر اس نے کہا کہ ہاں مجھے اس وقت یہاں نہیں آنا چاہیئے تھا۔ یہ میری غلطی تھی مجھے معاف کر دو۔ آئندہ میں اپنی موت تک شکایت کا موقع نہیں دوں گا۔

خدا حافظ۔ ایلزبیتھ جین۔

پنجرے میں بند پرندے کو اسی جگہ چھوڑ کر وہاں سے چلا گیا۔ اسی پچھلے راستے سے جہاں سے وہ آیا تھا۔

جس دکھ بھری صورتحال کا سامنا پچیس سال پہلے کر رہا تھا، آج وہی دوبارہ اس کے سامنے تھی۔ انسان اپنے طور پر بلند و بالا منصوبے بناتا ہے جبکہ دیوتاؤں کے فیصلے اس کے مخالف ہوتے ہیں۔ قدرت، انسانی سوچ اور فتح کو شکست میں بدلتی ہے۔ انسانی ہمت کو تباہ و برباد کرتی ہے۔

اس بات کو ایک مہینہ گزر گیا۔ نیوسن شادی کے تین دن بعد ہی چلا گیا تھا کیونکہ اس سمندر کے بغیر اس کا دل نہیں لگ رہا تھا۔

مکمل آڈیو اور ٹیکسٹ
ممبرشپ کے بعد
03099888638 واٹس ایپ

تاریخ ساز کتب کے سینکڑوں تراجم

ایک گوگل ڈرائیو میں

تفصیلات کے لئے واٹس ایپ

WhatsApp

https://wa.me/923099888638

0309-9888638

بڑی سوچ کا بڑا فنکار تھامس ہارڈی بنیادی طور پر ایک آرٹسٹ تھا

مگر اس کے آرٹ میں فلسفے کی گہری جھلک موجود ہے

تقدیر اور انسان کے درمیان کیا رشتہ ہے

یہی سوال اس سوچ اور فلسفے کی بنیاد ہے

جارج ایلیٹ کہتی ہے کہ انسان کو یہ حق حاصل ہے کہ نیکی اور بدی کے درمیان فیصلہ کرے
جبکہ ٹامس ہارڈی کہتا ہے کہ جب بھی مقابلہ ہو گا انسانی سوچ اور فطرت کے فیصلے کے درمیان

تو فتح صرف اور صرف فطرت کی ہی ہوگی

یعنی دنیا کی کچھ طاقتیں جن میں فطرت حادثات اتفاقات واقعات وغیرہ شامل ہیں
انسان کی خوشیوں سے حسد کرتی ہیں
اور ہماری قسمت کو ہماری خوشیوں کو ہمیشہ خاک میں ملانے کے درپے رہتی ہیں۔
دوسری طرف مشینوں کی حکومت اور امیر طبقہ خوشیوں اور خواہشات کو تباہ کرنے پر ہمیشہ تیار رہتا ہے۔
بچہ پیدا ہوا روتے ہوئے رخصت بھی ہو گا پریشان حال اور درمیان کی زندگی بھی گزارے گا تکالیف اور پریشانیوں میں۔
ہارڈی کے ناولز میں سکون ہے مگر تلخی اور چبھن کے ساتھ۔ لیکن اس تلخی اور چبھن سے ہم بدمزہ نہیں ہوتے۔
آپ مضبوط ترین محل کی تعمیر کریں صحت مند ترین انسان کی طرف دیکھیں یا قارون کے خزانے پر نظر ڈالیں
کچھ نظر نہ آنے والی طاقتیں ان پر اثر انداز ہوں گی اور آپ کے دیکھتے ہی دیکھتے ان چیزوں کو تباہ و برباد کر دیں گی۔ صحت بیماری میں امیری غریبی میں محل کھنڈر میں باغ صحرا میں اور خوبصورتی بدصورتی میں تبدیل ہو جائے گی۔ یہ سب کچھ اس وقت تک ہوتا رہے گا جب تک زندگی موت میں نہیں ڈھل جاتی۔ انجانی طاقتوں کا یہ سلسلہ چلتا رہے گا یہ سوچے بغیر کہ انسان کتنی تکلیف میں ہے۔

Wessex ویسکس

کا ہارڈی کے ناولز میں بہت اہم حصہ ہے۔ یہ علاقہ صرف ایک سٹیج نہیں جہاں انسانی کردار کہانی کو آگے بڑھائیں گے بلکہ ویسیکس تو خود ایک کردار ہے جو نہ صرف دیگر کرداروں پر بلکہ پڑھنے والوں پر بھی بہت گہرا اثر چھوڑتا ہے۔ یہ پیدائش سے موت تک اور خوشی سے غمی تک سب چیزوں کا اظہار بھرپور طریقے سے کرتا ہے۔

دلچسپ تراجم کی لائبریری

تمام کتب ایک جگہ

آڈیو اور ٹیکسٹ

ممبرشپ کے لئے واٹس ایپ

WhatsApp

https://wa.me/923099888638

0309-9888638

ٹامس ہارڈی کے تمام ناولز اردو آڈیو اور ٹیکسٹ ڈاؤن لوڈ کریں

Thomas Hardy

Desperate Remedies Urdu Book	(1871)
Under the Greenwood Tree Urdu Book	(1872)
A Pair of Blue Eyes Urdu Book	(1873)
Far From the Madding Crowd Urdu Book	(1874)
The Hand of Ethelberta Urdu Book	(1876)
The Return of the Native Urdu Book	(1878)
The Trumpet-Major Urdu Book	(1880)
A Laodicean Urdu Book	(1881)
Two on a Tower Urdu Book	(1882)
The Mayor of Casterbridge Urdu Book	(1886)
The Woodlanders Urdu Book	(1887)
Tess of the D'Urbervilles Urdu Book	(1891)
The Well-Beloved Urdu Book	(1892)
Jude the Obscure Urdu Book	(1895)

ٹامس ہارڈی

کی تمام شاہکار کتب

آڈیو اور ٹیکسٹ

سید عرفان علی ڈوٹ کوم کی تمام کتب پیکا ایکٹ

اور ڈی ایم سی اے کے تحت کاپی رائٹڈ ہیں

COPYRIGHTED UNDER

DMCA-Digital Millennium Copyright Act PECA Act 2016

PECA-The Prevention of Electronic Crimes Act, 2016

سید عرفان علی

اس کتاب کی آڈیو بک ڈائون لوڈ کریں

دنیا کی بہترین کتب کے تراجم آڈیو اور ٹیکسٹ ڈاؤن لوڈ کریں

www.server555.com

www.SyedIrfanAli.com